गूंज उठी शहनाई

...یر کاش کی موسیقی   ریز رومانی تصویر



گونج اٹھی شہنائی

ہدایت۔ وجے بھٹ   موسیقی۔ وسنت ڈیسائی

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

Music By Vasant Desai

اداکاران: راجندر کمار - زیبا - الہاس - زیبا گوہل -

گانانمبر ۱ گا گونج اٹھی شہنائی کے لئے

تیرے سُر اور میرے گیت - دونوں مل کر بنیں گے پریت
دھڑکن میں تو ہے سمایا ہوا - خیال میں تو ہی تو چھایا ہوا
دنیا کے میلوں میں لاکھوں ملے - مگر تو ہی تو دل کو بھایا ہوا
میں تیری جوگن تو میرا میت — دونوں ملکر......
مجھکو اگر بھول جاؤ گے تم - مجھ سے اگر دور جاؤ گے تم
میری محبت میں تاثیر ہے تو کھنچ کے میرے پاس آؤ گے تم
دیکھو ہماری ہو گی جیت — دونوں ملکر......تیرے سُر...

گانا نمبر ۲ گوپی کورس: ہوئے ہوئے گھونگھٹ ہٹ گھوئے بلما بیدردی
گوپی: ہوئے مانے نہ ظالمی سیّاں پکڑے بیّاں
ہائے دیّا جیا میرا ڈولے
گوپی کورس: ہوئے ہوئے.... بیدردی....
کشن کورس: بھوئے بھوئے زہر کاہے گھولے ملنوا بیدردی
کشن: ہوئے دیکھو جی دیکھو جی دل کی چوری کر کے گوری
یہ چھوری میٹھی میٹھی بولے
کشن وکورس: بھولے بھولے.... بیدردی....
گوپی: ہو بیدردی.... بیدردی.... بیدردی
کشن: تڑپ گیا دیا تجھے لم نے - چاند شرمائے گوری تیرے سامنے

گوپی:۔ کیا ہم کو یہ نام تیرے نام نے
میرا دامن کیوں آئے اب تھامنے
ہوئے ڈارو نہ ڈارو نہ جادو کا ڈورا و چھلیا چھوڑا
من کھائے ہچکولے ... ہولے ہولے ...
کشن:۔ ہو... ساجنیاں۔ ساجنیاں۔ ساجنیاں۔
گوپی:۔ دیکھو آنکھیں ملاؤ دیکھ بھال کے
ذرا سمجھ اشارے میری بات کے
کشن:۔ بچاؤ کمر یہ سنبھال کے
رکھ دے گی کلیجہ نکال کے
ہوئے چھن چھن چھنا نجھر جھمکے بجلی چمکے تھم تھم کے
بھڑکے دل میں شعلے ___ ہولے ہولے ...
گانا مع لڑکی و کورس:۔ انکھیاں بھول گئی ہیں سونا
دل پہ ہوا ہے جادو ٹونہ
شہنائی والے تیری شہنائی رے
کر گئی جادو کو جیرگئی۔ جیرگئی جیرگئی
لڑکی:۔ اب دن یہ گوری کیسے آئے
چھپ چھپ کے ملنا من بھائے
سکھیاں سے کا ہے اب چوری۔ بندھ گئی رے پریت کی ڈوری
کوئی ظلمی سانوریا کی نظر بھی نجریا
ہو مار گئی۔ مار گئی۔ مار گئی
انکھیاں بھول گئی ہیں ...

گوپی:۔ سکھیاں نہ مارو مو سے طعنے
جس کو نہ لاگی وہ کیا جانے
بھول جاؤ گی کرنا یہ ٹھٹھولی۔ کوئی بن گیا جو ہمجولی
کیسے چپکے رہو گی، آہیں بھر کے کہو گی، میں تو ہار گئی
انکھیاں بھول گئی ہیں
لڑکی:۔ ایسی ہیں بلنے دیوانے۔ اور ہم سے مو رہے بہانے
جیتوں کمان پہ جو تانے۔ وہ بان ہم نے پہچانے
نظروں کی یہ گھاتیں۔ چوری چوری ملاقاتیں۔ ہم جان گئی۔۔
انکھیاں بھول گئی۔۔۔۔
گانا نمبر ۲ گوپی:۔ تیری شہنائی بولے، سن کے دل میرا ڈولے
ظلمی کا ہے کو سنائے ایسی تان رے
کشن:۔ بادل گھر گھر آئے، پاپی پپیہا گائے
کیسے بس میں رہے میری جان رے
گوپی:۔ بیری بن کے یہ دنیا کھڑی ہے
میرے پاؤں میں بیڑی پڑی ہے
کشن:۔ کن گھڑیوں میں انکھیاں لڑی ہیں
بارہ مہینے ساون کی جھڑی ہے
ایک بن مکھڑا دکھا جب۔ دل کا دکھڑا مٹا جب
تم بن سونا سونا ہے جہان رے
کشن:۔ آجا کب سے میں تجھ کو بلاؤں
تیرے پیار کے سپنے سجاؤں

گوپی:۔ جیا چاہے کہ اُڑ کے میں آؤں
پیا پنکھ کہاں سے میں لاؤں
میں یہاں تم وہاں بیچ میں ہے جہاں کیسے پورے ہوں
اب ارمان رے

گاما لمعہ گوپی:۔ روک سکے نہ راہ ہماری دنیا کی دیوار
ساتھ جیئیں گے، ساتھ مریں گے ام ہمارا پیار
جیون بھر پیا تیرے ساتھ رہے

کشن:۔ ہاتھوں میں تیرے میرا ہاتھ رہے۔ جیون میں۔۔
سنگار میرا پیا پیار تیرا۔ جھنکار کرے میرے کنگنا میں
لگی جب سے لگن میرے من میں سجن
شہنائی بجے رے میرے انگنا میں
سرگم کی صدا یہ سناتے رہے

کشن:۔ ہاتھوں میں تیرے میرا ہاتھ رہے۔ جیون میں۔۔
جب تک سورج چندا چمکے گنگا جمنا میں بہے پانی
رہے جب تک ہم ہیت ام اپنی

گوپی:۔ ہیے یہ جنم جنم کی دیوانی
رانی یاد ملن کی یہ رات رہے
پیا یاد ملن کی یہ رات رہے

کشن:۔ ہاتھوں میں تیرے میرا ہاتھ رہے۔ جیون میں۔۔

گاما لمعہ:۔ دِل کا کھلونا ہائے ٹوٹ گیا
کوئی لٹیرا آ کے لوٹ گیا ۔ دِل کا۔۔۔۔

ہوا کیا قصور ایسا سجّاں ہمارا
جاتے ہوئے جو تُو نے ہمیں نہ پکارا
اُلفت کا تار توڑا ہمیں منجدھار چھوڑا
ہم تو چلے تھے لے کے تیرا ہی سہارا
ساتھی ہمارا ہم سے چھوٹ گیا — دِل کا...
کیسی بیر دلیسی سے یہ پریت لگائی
چین بھی کھویا ہم نے نیند بھی کھوئی
تیرا اعتبار کر کے ہائے انتظار کر کے
خوشیوں کے بدلے غم کی دُنیا بسالی
ظالم زمانہ ہم سے روٹھ گیا — دِل کا...
گانا نمبر ۹ ۔ بکھر گئے چین کے سپنے ۔ ارمانوں کی شام ڈھلے
کہیں سجے بارات کسی کی ۔ کہیں کسی کا پیار جلے
کہہ دو کوئی نہ کرے یہاں پیار
اس میں خوشیاں ہیں کم ۔ بے شمار ہیں غم
ایک ہنسی اور آنسو ہزار — کہہ دو...
پریت پتنگا دیئے سے کرے ۔ اس کی ہی لو میں وہ جل مرے
مشکل راہیں یہاں ۔ اشک اور آہیں یہاں
اس میں چین نہیں نہ قرار — کہہ دو...
ہم نے تو سمجھا تھا پھول کھلے ۔ چُن چُن کے دیکھا تو کانٹے ملے
یہ انوکھا جہاں ۔ ہر دم دھوکا یہاں ۔
اس ویرانے میں کیسی بہار ۔ کہہ دو...

گانا نمبر ۸ - مَیں نے پینا سیکھ لیا

پاپ کہو یا پُنیہ کہو - مَیں نے پینا سیکھ لیا
ایک جھلک تھی لاکھوں میں - آن بسی ان آنکھوں میں
ایک کلی مسکائی تھی - من بھنورے کو بھائی تھی
ایک دِن پیار کا پُھول کھلا - میرے سُر کو گیت مِلا
پر قسمت لائی رنگ نئے - سُر چھوٹے اور گیت گئے
بیچ بھنور کو نے چھوڑا - میرے پریم سے مُنہ موڑا
پیار پہ ایسا وار کیا - آج جینا دُشوار کیا
اب شراب نے ساتھ دیا تو تم بِن جینا سیکھ لیا

مَیں نے پینا ——

لوگ کہیں کیوں پیتے ہو - من کہتا کیوں جیتے ہو
جینے کی کوئی چاہ نہیں - مرنے کی کوئی راہ نہیں
جیون ہی جب روگ یہاں - بولو اس کی دوا کہاں
پیار کے جام نہ پیتے ہم - کھو کر موتیں نہ پاتے غم
ہم نے منزل ڈھونڈی تھی - لیکن قسمت روٹھی تھی
راہ میں ساتھی چھوٹ گیا - ٹھیس لگی دِل ٹوٹ گیا
اب تو انہیں نشے کے دھاگوں سے

دِل سینا سیکھ لیا

مَیں نے پینا ——

ختم شُد

پُر اسرار غضب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/6/-
خفیہ دو نمبر	1/4/-
تین نقاب پوش	1/-/-
دہلی کے بدمعاش	1/-/-
چینی فرشتہ	1/8/-
جادوگر جاسوس	1/4/-
جادوگر حسینہ	1/4/-
موت کا مینار	1/4/-
سمندری ڈاکو	1/-/-
باپ کا قاتل	1/-/-
خونی چھتری	1/-/-
تین ڈاکو	1/-/-
خونی نشان	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-
فومنچو کا سایہ	4/-/-
فومنچو کی بیٹی	4/-/-
ڈاکٹر فومنچو	3/-/-
ڈاکٹر فومنچو کا انتقام	3/-/-
جیتا جنازہ	1/8/-
دو لاشیں	-/12/-
خونی سمندر	-/12/-
سرائے عرسال	-/12/-
گردش در دل	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)